سوال

(67)مسواک کے استعمال کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسواک کے استعمال کا کیا حکم ہے؟اور کس ہاتھ کے ساتھ مسواک کی جائے؟(فتاویٰ الامارات :166)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسواک سنت ہے ۔اس پر ابھارنے کے لیے بہت ساری حدیثیں ہیں،ہاتھ سے مسواک کی جائے 'اس بارے میں ہمارے پا کوئی خاص دلیل نہیں ہے۔بعض علماء کہتے ہیں دائیں ہاتھ سے مسواک کرے اور بعض کہتے ہیں کہ بائیں ہاتھ سے مسواک کرنی چاہیے۔جو لوگ دائیں بائیں ہاتھ سے مسواک کرنے کے قائل ہیں ،وہ دائیں جانب والی احادیث سے استدلال کرتے ہیں اور جو بائیں ہاتھ کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد صفائی تو اسے وہ لوگ استنجاء پر محمول کرتے ہیں ۔بہر حال جس کا دل جس پر مطمئن ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

طہارت کے مسائل صفحہ:164

محدث فتویٰ